# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری"Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: روزمرہ اردو (204) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: میٹرک

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 40**

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: 2x5=10

I۔ محمد بن قاسم نے سندھ پر کب اور کیوں حملہ کیا؟

II۔ سر کے بالوں کی صفائی اور حفاظت کیوں ضروری ہے؟
III۔ لباس کے انتخاب میں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟
IV۔ ورزش ہمارے جسم کے لیے کیوں ضروری ہے؟
V۔ مکالمہ کسے کہتے ہیں؟

(ب) ریلوے اسٹیشن پر قلّی کس طرح گفتگو کرتے ہیں؟ مکالمے کی شکل میں تحریر کریں۔ (10)

سوال 2: نبی کریم ﷺ کے اخلاق وعادات کے حوالے سے تفصیل قلم بند کریں۔ (20)

سوال 3: تحریکِ پاکستان کے منظر نامے پر تفصیلی روشنی ڈالیں، نیز تفصیل سے بتائیں کہ قائدین نے کن اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان حاصل کیا۔ (20)

سوال 4: نصاب میں شامل مضمون کی روشنی میں صحت وصفائی کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5: سیاق وسباق کے ساتھ مندرجہ ذیل پیراگراف کی تشریح کریں، نیز سبق اور مصنف کا نام بھی تحریر کریں۔ (20)

”بیسویں صدی میں ہندوستانی مسلمانوں کے سب سے بڑے رہنما قائد اعظم محمد علی جناح تھے۔ وہ کانگریس میں بھی شامل رہے۔ کانگریس دعویٰ تو پورے ہندوستان کے لوگوں کی نمائندگی کا کرتی تھی لیکن عملاً وہ ہندوؤں کے حقوق کے تحفظ پر کمربستہ رہی۔ قائد اعظم مسلمانوں کی نمائندہ سیاسی تنظیم مسلم لیگ میں شامل رہے۔ انہوں نے مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کانگریس کے ساتھ کئی مشہور معاہدے کیے مثلاً میثاقِ لکھنؤ، تجاویزِ دہلی وغیرہ۔ ہندو معاہدے تو کر لیتے تھے لیکن ان پر عمل نہیں کرتے تھے۔“

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 40**

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1: سبق ”یومِ آزادی“ میں کن رہنماؤں کے نام آئے ہیں؟ ہر ایک کا تفصیلی تعارف بیان کریں۔ (20)

سوال 2: ”صحت و تندرستی کے فقدان کی بڑی وجہ لوگوں کا تعلیم یافتہ نہ ہونا ہے۔“ دلائل سے اپنی رائے کا اظہار کریں۔ (20)

سوال 3: (الف) نصاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہیں پُر کریں۔ (10)

1. ہم سب کا فرض ہے کہ ــــــــــ سے بچیں۔
2. ــــــــــ کو قائم رکھنا ہم سب پر فرض ہے۔
3. آپ کو ــــــــــ مقررہ وقت پر کھانا چاہیے۔
4. اپنا کافی وقت ــــــــــ اور ــــــــــ میں گزاریں۔

5. ہر قسم کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔

(ب) دانتوں کی صفائی اور حفاظت کیسے ممکن ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ (10)

سوال4: ٹریفک قوانین کی پابندی کے حوالے سے ایک شہری اور ٹریفک انسپکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال5: (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے۔ (10)

غلیظ، ناگوار، بیش بہا، دشواری، تگ و دو

(ب) اپنے دوست کے ساتھ ایک مکالمہ لکھیں جس میں ملکی حالات کے موضوع پر گفتگو ہو۔ (10)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

# امتحانی مشق نمبر 3

سوال1: اپنے ملک سے باہر مقیم دوست کے نام خط لکھیں اور اسے اپنے ملک کے حالات سے آگاہ کریں۔ (20)

سوال2: ایک عمدہ خط کیسے لکھا جاتا ہے؟ ایک دوست کے نام خط لکھیں اور بتائیں کہ اس میں خط نگاری کے کن اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے؟ (20)

سوال3: ایک دیہاتی لڑکی کی جانب سے اپنی شہری سہیلی کے نام خط تحریر کریں جس میں دیہات کی خالص زندگی کا بیان ہو۔ (20)

سوال4: اپنے محلے کی صفائی کی ابتر صورتحال کے حوالے سے چیئرمین میونسپل کارپوریشن کے نام درخواست لکھیں۔ (20)

سوال۵۔ (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے۔ (5x2=10)

قرارداد، فرقہ وارانہ، کشیدگی، دھوم دھام، اثاثہ

(ب) واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (5x2=10)

حالات، سازش، روایات، تدبیر، فسادات، مسئلہ، اثاثہ، رویہ، تحریک، مساوات

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

# امتحانی مشق نمبر 4

سوال1: ''ساچق اور مہندی'' کی رسم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال2: مولانا الطاف حسین حالی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ اس کا خلاصہ اور مرکزی خیال تحریر کریں۔ (20)

سوال3: مندرجہ ذیل بند کی تشریح اس طرح کریں کہ اس کا علامتی انداز سامنے آجائے، نیز شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (20)

کیا بدنصیب ہوں میں، گھر کو ترس رہا ہوں
ساتھی تو ہیں وطن میں، میں قید میں پڑا ہوں
آئی بہار، کلیاں پھولوں کی ہنس رہی ہیں
میں اس اندھیرے گھر میں، قسمت کو رو رہا ہوں
اس قید کا الٰہی! دکھڑا کسے سناؤں
ڈر ہے یہیں قفس میں، میں غم سے مر نہ جاؤں

سوال4: مندرجہ ذیل نظم کے بند کی تشریح کریں، نیز شاعر اور نظم کا نام بھی لکھیں۔ (20)

جہیز ان کو ملا جو کچھ شہنشاہِ دو عالم سے
ملا ہے درس ہم کو سادگی کا فخرِ آدم سے
متاعِ دنیوی جو حصہِ زہرا میں آئی تھی
کھجوری کھردرے سے بان کی اک چارپائی تھی

سوال5: مندرجہ ذیل گیت کے اشعار کی تشریح کریں اور شاعر اور گیت کا نام بھی تحریر کریں۔ (20)

میری سرحد پہ پہرا ہے ایمان کا
میرے شہروں پہ سایہ ہے قرآن کا
میرا اک اک سپاہی ہے خیبر شکن
چاند میری زمیں، پھول میرا وطن
میرے فوجی جواں، جراتوں کے نشاں
میرے اہل قلم، عظمتوں کی زباں
میرے محنت کشوں کے سنہرے بدن
چاند میری زمیں، پھول میرا وطن